DAR-UL-IFTA
SADIQABAD
Alflah Town Sadiqabad Dist: Rahim yar Khan
Dar-ul-ifta Sadiqabad
دارالافتاء صادق آباد
الفلاح ٹاؤن صادق آباد
ضلع رحیم یار خان

استفتاء

مفتی صاحب السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

مفتی میرے چند سوالات ہیں جن کے جوابات مطلوب ہیں۔

(1) مرحوم کی وفات کے تیسرے چوتھے دن میت کے لیے ایصال ثواب کی نیت سے خیرات کی جاتی ہے جس کو عرف عام میں قل خوانی کہا جاتا ہے، اور قل خوانی نہ کرنے والے کو اہل علاقہ برا بھلا کہتے ہیں، شرعی اعتبار سے قل خوانی اور اس میں شرکت کرنے کا کیا حکم ہے؟

(2) قل خوانی میں ایک معزز عالم دین بھی اس نیت سے شرکت کرتا ہے کہ اس کے آنے کی وجہ سے بہت سارے لوگ قل خوانی میں شرکت کر لیتے ہیں، اگر وہ عالم دین شرکت نہ کرے تو اہل بدعت وہاں شریک ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے وہ اپنے رسومات انجام دیتے ہیں، اس نیت سے کسی معزز آدمی کا قل خوانی میں شریک ہونا درست ہے یا نہیں؟

(3) اگر میت وصیت کر جائے کہ میرے مرنے کے بعد میرے مال سے قل خوانی کرنا تو وصیت نافذ ہو گی یا نہیں؟

(4) کیا وصیت کیے بغیر میت کے مال میں سے قل خوانی کرنا درست ہے؟

(5) میت کے ایصال ثواب کے لیے قرآن پاک کا ختم کروا کر پڑھنے والوں کو کھانا کھلانا درست ہے یا نہیں؟

مستفتی: عبد الغفور (اقبال آباد)

03093992490

دارالافتاء صادق آباد
الفلاح ٹاؤن صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

الجواب حامداً ومصلیاً

(1-2 اور 5) واضح رہے کہ میت کے لیے ایصال ثواب کرنا ہر وقت جائز ہے، لیکن ایصال ثواب کے لیے جو مروجہ قل خوانی کی صورت اختیار کی گئی ہے، اس میں چند قباحتیں مثلاً ایصال ثواب کے لیے کوئی خاص دن مقرر کرنا، لوگوں کے اجتماع کو لازم سمجھنا اور شریک نہ ہونے والوں کو برا بھلا کہنا، ایصال ثواب کو فرض یا واجب

سمجھنا، مرد اور بے پردہ خواتین کا مخلوط جمع ہونا اور اجرت دے کر قرآن ختم کروانا وغیرہ، پائی جاتی ہیں جس کی بناء پر قل خوانی اور اس میں شرکت کرنا دونوں ناجائز ہیں۔

(3) مروجہ قرآن خوانی چونکہ ناجائز ہے اس لیے اس کی وصیت بھی نافذ نہیں ہوگی، البتہ اگر مرحوم مطلقاً صدقہ، خیرات کی وصیت کر جائے تو یہ مرحوم کے ترکہ کے تہائی حصہ میں نافذ ہوگی اس سے زیادہ میں نافذ نہیں ہوگی۔

(4) انسان کے فوت ہوتے ہی اس کا اپنے مال کے ساتھ ملکیت کا تعلق ختم ہو کر اس کے مال کے ساتھ ورثاء کا حق متعلق ہو جاتا ہے، اس لیے بغیر وصیت کے ترکہ میں سے میت کے لیے ایصال ثواب کرنا جائز نہیں ہے، لیکن اگر ورثاء سب عاقل بالغ ہوں اور وہ اپنی دلی خوشی سے اپنے مرحوم رشتہ دار کے لیے ایصال ثواب کرنا چاہیں تو شرعاً اس کی اجازت ہے۔

دار الافتاء صادق آباد
الفلاح دار الافتاء صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

مشکوۃ المصابیح (27) مطبع: قدیمی کتب خانہ

عن عائشة رضی الله تعالی عنها قالت: قال رسول الله ﷺ: من احدث فی امرنا هذا ما ليس منه فهو رد.

وفيه ايضاً باب الاستغفار والتوبة الفصل الثالث (728/2 ط: المكتب الاسلامی)

وعن عبد الله بن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «ما الميت في القبر إلا كالغريق المتغوث ينتظر دعوة تلحقه من أب أو أم أو أخ أو صديق فإذا لحقته كان أحب إليه من الدنيا وما فيها وإن الله تعالى ليدخل على أهل القبور من دعاء أهل الأرض أمثال الجبال وإن هدية الأحياء إلى الأموات الاستغفار لهم» رواه البيهقي في شعب الإيمان

حاشية الطحطاوي على مراقي الفلاح (510) مطبع: نور محمد

قال في البزازية ويكره اتخاذ الطعام في اليوم الأول والثالث وبعد الأسبوع ونقل الطعام إلى المقبرة في المواسم واتخاذ الدعوة بقراءة القرآن وجمع الصلحاء والقراء للختم أو لقراءة سورة الأنعام أو الإخلاص..... قال ابن الأثير هذا نفي لعادة الجاهلية وتحذير منها فإنهم كانوا ينحرون الإبل على قبور الموتى ويقولون إنه كان يعقرها للأضياف في حياته فيكافأ بذلك بعد موته.

رد المحتار على الدر المختار (240/2) مطبع: سعيد

ويكره اتخاذ الضيافة من الطعام من أهل الميت لأنه شرع في السرور لا في الشرور، وهي بدعة مستقبحة.....وفي البزازية: ويكره اتخاذ الطعام في اليوم الأول والثالث وبعد الأسبوع ونقل الطعام إلى القبر في المواسم، واتخاذ الدعوة لقراءة القرآن وجمع الصلحاء والقراء للختم أو لقراءة سورة الأنعام أو الإخلاص. والحاصل أن اتخاذ الطعام عند قراءة القرآن لأجل الأكل يكره. وفيها من كتاب الاستحسان: وان اتخذ طعاما للفقراء كان حسنا، وأطال في ذلك في المعراج، وقال: وهذه الأفعال كلها للسمعة والرياء

فيحترز عنها لأنهم لا يريدون بها وجه الله تعالى، وبحث هنا في شرح المنية بمعارضة حديث جرير المار بحديث آخر فيه (أنه عليه الصلاة والسلام دعته امرأة رجل ميت لما رجع من دفنه فجاء وجيء بالطعام، أقول: وفيه نظر، فإنه واقعة حال لا عموم لها مع احتمال سبب خاص، بخلاف ما في حديث جرير. على أنه بحث في المنقول في مذهبنا ومذهب غيرنا كالشافعية والحنابلة استدلالا بحديث جرير المذكور على الكراهة، ولا سيما إذا كان في الورثة صغار أو غائب، مع قطع النظر عما يحصل عند ذلك غالبا من المنكرات الكثيرة كإيقاد الشموع والقناديل التي توجد في الأفراح، وكدق الطبول، والغناء بالأصوات الحسان، واجتماع النساء والمردان، وأخذ الأجرة على الذكر وقراءة القرآن، وغير ذلك مما هو مشاهد في هذه الأزمان، وما كان كذلك فلا شك في حرمته وبطلان الوصية به، ولا حول ولا قوة إلا بالله العلي العظيم

رد المحتار على الدر المختار مطلب في الاستئجار على المعاصي (56/6 ط: سعيد)

فالحاصل أن ما شاع في زماننا من قراءة الأجزاء بالأجرة لا يجوز لأن فيه الأمر بالقراءة وإعطاء الثواب للآمر والقراءة لأجل المال فإذا لم يكن للقارئ ثواب لعدم النية الصحيحة فأين يصل الثواب إلى المستأجر

تبيين الحقائق شرح كنز الدقائق كتاب الكراهية (13/6 ط: المطبعة الكبرى الاميرية)

وقال أبو حنيفة ابتليت بهذا مرة هذا إذا لم يكن مقتدى به فإن كان مقتدى به، ولم يقدر على منعهم يخرج، ولا يقعد لأن في ذلك شين الدين، وفتح باب المعصية على المسلمين

المبسوط للسرخسي (16/12 ط: دار المعرفة)

ولا تجوز الوصية بأكثر من الثلث، وفي رواية بشر عن أبي حنيفة رحمه الله إذا كان الذاهب أقل من الثلث يجوز وإن كان أكثر من الثلث لا يجوز لقوله عليه الصلاة والسلام «الثلث والثلث كثير»

بدائع الصنائع في ترتيب الشرائع (330/7 ط: دار الكتب العلمية)

والوصية تصرف في ثلث المال في آخر العمر زيادة في العمل فكانت مشروعة----- وروي عنه عليه الصلاة والسلام أنه قال: «إن الله تبارك وتعالى تصدق عليكم بثلث أموالكم في آخر أعماركم زيادة على أعمالكم فضعوه حيث شئتم»

السراجي في الميراث (2/ ط: المصباح)

تتعلق بتركة الميت حقوق مرتبة الاول يبدا بتكفينه وتجهيزه من غير تبذير ولا تقتير ثم تقضى ديونه من جميع ما بقى من ماله ثم تنفذ وصاياه من ثلث ما بقى بعد الدين ثم يقسم الباقي بين الورثة بالكتاب والسنة واجماع الامة

الدر المختار مع رد المحتار باب الحج عن الغير (172/1 ط: سعيد)

الاصل أن كل من أتى بعبادة ماله جعل ثوابها لغيره وإن نواها عند الفعل لنفسه لظاهر الادلة، (قوله بعبادة ما) أي سواء كانت صلاة أو صوما أو صدقة أو قراءة أو ذكرا أو

طوافا أو حجا أو عمرة، أو غير ذلك من زيارة قبور الأنبياء عليهم الصلاة والسلام والشهداء والأولياء والصالحين، وتكفين الموتى، وجميع أنواع البر

واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب

عبد الخالق

دار الافتاء صادق آباد

24 / ربیع الاول 1443ھ 31 / اکتوبر 2021ء

دستخط : مفتی محمد ابراہیم صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

محمد ابراہیم

۵ ربیع ۱۴۴۳ھ

دار الافتاء صادق آباد — مفتی — الفلاح قانون صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط : مفتی احسن عزیز صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

عفی عنہ

۱۴۴۳/۳/۴ھ

دار الافتاء صادق آباد — نائب مفتی — الفلاح قانون صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط : مفتی طارق بشیر صاحب دامت برکاتہم

الجواب صحیح

طارق بشیر عفی عنہ

۴ ربیع ۱۴۴۳ھ

دار الافتاء صادق آباد — نائب مفتی — الفلاح قانون صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

دستخط :

دار الافتاء صادق آباد — فتویٰ نمبر 96/29 مورخہ 31/3/2021 — الفلاح قانون صادق آباد اسلامی جمہوریہ پاکستان

نوٹ: ۱۔ جواب سوال کے مطابق ہے۔ صحت سوال کی ذمہ داری مستفتی پر ہے۔

۲۔ ادارہ کسی بھی قانونی وغیر قانونی کاروائی کی صورت میں کسی بھی قسم کا ذمہ دار نہیں اور نہ ہی فریق بنے گا۔